© rasailojaraid.com

تبصرے

مجلات و رسائل

الحق : مرتبہ مولانا سمیع الحق۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۶۴ صفحات، کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت سالانہ چھ روپیہ، فی پرچہ پچاس پیسے۔ پتہ:۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (مغربی پاکستان)

دارالعلوم حقانیہ جو مغربی پاکستان کے شمال مغربی سرحد کی مشہور دینی درس گاہ ہے اُس کا ماہنامہ ہے اور مدرسہ کے بانی اور شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب کی نگرانی اور سرپرستی میں شائع ہوتا ہے۔ رسالہ علمی بھی ہے اور دینی بھی۔ مضامین میں خاصہ تنوع ہوتا ہے، عہدِ جدید کے جو فکری فتنے ہیں اُن سے متعلق بھی تنقیدی مضامین ہوتے ہیں، ادبی چاشنی کی بھی کمی نہیں ہوتی۔ ابھی گذشتہ ماہ سے رسالہ کے نظام میں چند خوشگوار تبدیلیاں ہوئی ہیں جن کے باعث صوری اور معنوی اعتبار سے اس کا معیار بلند تر ہو گیا ہے، عربی مدارس کے اساتذہ اور طلبا کے لئے خصوصاً اور عام مسلمانوں کے لئے عموماً اس کا مطالعہ مفید اور معلومات افزا ہوگا۔

شبخون : مرتبہ ڈاکٹر سید اعجاز حسین۔ تقطیع کلاں، ضخامت ۸۰ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت سالانہ دس روپیہ؛ پتہ:۔ ۳۱۳ رانی منڈی۔ الہ آباد ۔ ۳

ابھی چند ماہ سے یہ ماہنامہ اس طمطراق اور شان و شوکت سے نکلنا شروع ہوا ہے کہ جیسے اُس نے واقعی اس ملک کے اُردو زبان کے ادبی رسالوں پر شبخون مارا ہو۔ اس نے چند ہی روز میں اپنا ایک بڑا اچھا حلقہ بنا لیا ہے اور اُردو کے پختہ قلم ادیبوں اور شاعروں کا تعاون اسے حاصل ہے۔ تنوع کا یہ عالم ہے کہ غزلیں اور نظمیں قدیم رنگ کی بھی ہوتی ہیں اور جدید رنگ کی بھی۔ افسانے اور ڈرامے بھی۔ مضامین تحقیقی بھی ہوتے ہیں اور تخلیقی و تنقیدی بھی۔ پھر طبع زاد بھی اور دوسری زبانوں کے ادبی شہ پاروں کے تراجم بھی۔ شمس الرحمٰن صاحب فاروقی

© rasailojaraid.com